سوال

حضرت محمد (ص) نے فرمایا۔ اگر تمہیں پتہ چل جائے کہ کھڑے ہو کر پانی پینے سے کتنا بڑا عذاب ہے تو تم اپنے حلق میں ہاتھ ڈال کر اس پانی کو نکال دو۔ اور اگر اس وقت تم دیکھ لو کہ تمہارے ساتھ کتنی خوفناک شکل والا شیطان کھڑا ہے تو تم پانی پینا چھوڑ دو۔ کیا یہ رو

جواب

کھڑے ہو کر پانی پینے سے عذاب السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ نبی کریم نے فرمایا اگر تمہیں پتہ چل جائے کہ کھڑے ہو کر پانی پینے سے کتنا بڑا عذاب ہے تو تم اپنے حلق میں ہاتھ ڈال کر اس پانی کو نکال دو۔ اور اگر اس وقت تم دیکھ لو کہ تمہارے ساتھ کتنی خوفناک شکل والا شیطان کھڑا ہے تو تم پانی پینا چھوڑ دو۔ کیا یہ حدیث درست ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس معنی کی کوئی روایت ہمارے علم میں نہیں ہے، جہاں سے آپ نے یہ سنا ہے، وہاں سے اگر حوالہ مہیا کر دیں تو اس کی صحت اور ضعف کا فیصلہ کرنا ذرا آسان ہو جائے گا۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی